صرف پڑھنے کے لئے



جنگلی ہاتھی

ایک سنیما ہال میں جنگلی ہاتھی نام کی فلم چل رہی تھی۔

فلم میں ہاتھی پاگل ہوگیا۔ پاگل ہوکر اُس نے ہر طرف توڑ پھوڑ مچانا شروع کردی۔ یہ دیکھ کر سامنے کی سیٹ پر بیٹھے ہوئے جمن میاں سیٹ چھوڑ کر بھاگے۔ گیٹ پر کھڑے دربان نے اُن سے پوچھا ارے میاں پاگلوں کی طرح کیوں بھاگ رہے ہو؟ سنیما تو ابھی شروع ہی ہوا ہے۔

جُمن میاں نے کہا ارے دیکھتے نہیں، ہاتھی پاگل ہوگیا ہے۔ اُس نے اگر ایک پاؤں بھی بڑھادیا تو میری چٹنی بن جائے گی۔

دَربان نے جُمن میاں سے مُسکراتے ہوئے کہا ارے بھائی یہ سنیما کا ہاتھی ہے۔ یہ بھلا پردے سے باہر کیسے آئے گا۔

جُمن میاں نے ڈر سے کانپتے ہوئے کہا۔ بھائی میرے یہ تو ہم بھی جانتے ہیں کہ یہ سینما کا ہاتھی ہے مگر ہاتھی کو یہ بات معلوم تھوڑے ہی ہے۔

-☆-

© copyright reserved to BSTBPC, Government of BIHAR (www.bstbpc.gov.in).
Publishing web/app/books will be a crime. Published by Abdiel Solutions (www.absol.in)